# گلتیوں کی کلیسیا کے نام مقدس پولس رسول کا خط

## گلتیوں کا خط کس کو لکھا گیا؟

اگر چہ اس بات پر کُچھ اختلاف رائے موجود ہے کہ مقدس پولس رسول نے گلتیہ کے کس حصہ کو خاص طور پر مخاطب کیا۔ تاہم سب سے زیادہ مقبول رائے یہی ہے کہ یہ خط جنوبی گلتیہ کے علاقوں کو لکھا گیا۔ یہ وہ علاقے تھے جہاں مقدس پولس رسول نے اپنے پہلے مشنری سفر کے دوران خدمت کی تھی۔

## امتیازی خصوصیت:

## تضادات کا موازنہ

گلتیوں کا خط نئے عہد کے برتر ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔

| **نیا عہد** | **پُرانا عہد** |
|---|---|
| انجیل | یہودیت |
| روح | جسم |
| ایمان | اعمال |
| وعدہ (ابرہام کے وسیلہ) | لعنت (موسیٰ کے وسیلہ) |
| بلوغت | بچپنا |
| بیٹا | غلام |
| آزادی | قید |

## مقدس پولس کا منفرد انداز:

اس خط میں مقدس پولس نے کسی تعریف یا شکر گذاری کے ساتھ خط کا آغاز نہیں کیا۔

مقدس پولس کا لہجہ سخت ہے کیونکہ وہ بہت دُکھی تھا۔

وہ دُعا کی درخواست بھی نہیں کرتا جیسا کہ اکثر دوسرے خطوط میں کرتا ہے۔

اس نے پورا خط اپنے ہاتھ سے لکھا (گلتیوں 11:6)

**خط کا پس منظر:**

## مقدس پولس کا پہلا مشنری سفر

مقدس پولوس اور برنباس کو انطاکیہ کی کلیسیا نے روانہ کیا۔

وہ ہمیشہ پہلے یہودی عبادت خانوں میں منادی کرتے (رومیوں 16:1)

اگر عبادت خانہ موجود نہ ہوتا تو سڑکوں یا بازار میں منادی کرتے

خدا نے ان کے وسیلہ معجزات کیئے تا کہ لوگ جمع ہوں اور انجیل سُنیں۔

اس سفر میں تقریباً 5 کلیسیائیں قائم ہوئیں۔

واپسی پر وہ انطاکیہ آ گئے۔

## یروشلیم کی کونسل: (اعمال 15:2-35)

### 1- تنازعہ (اعمال 15:1-5)

غیر قوموں میں مقدس پولس کے سبب بعض یہودی ایمانداروں کو لگا کہ وہ آدھی اِنجیل سُنا رہا ہے۔

وہ چاہتے تھے کہ نجات پانے والے غیر قوم بھی ختنہ کریں اور شریعت پر عمل کریں۔

### 2- کونسل کا اِجلاس (اعمال 15:6-18)

مقدس پولس اور برنباس مسئلے پر گفتگو کے لئے یروشلیم گئے۔

سخت مباحثہ ہوا

پطرس نے کُرنیلیس کے تجربے کا ذکر کیا۔

مقدس پولس اور برنباس نے اپنی خدمت کی گواہی دی

مقدس یعقوب نے کلامِ مقدس سے رہنمائی دیتے ہوئے مسئلہ حل کیا۔

3- نتیجہ (اعمال 15:19-25)

فیصلہ ہوا کہ غیر قوموں کا ختنہ لازم نہیں

یروشلیم کی کلیسیا نے باضابطہ خط لکھا

یہ خط معتبر رہنماؤں کے ہاتھ انطاکیہ بھیجا گیا۔

**یہود پرست Judaizers**

تمام یہودی ایمانداروں نے فیصلہ کو قبول نہیں کیا

بعض اب بھی سمجھتے تھے کہ مقدس پولس پورا پیغام نہیں سُنا رہا۔

یہود پرستوں کی تعلیم

نجات کے لئے شریعت پر عمل ضروری ہے۔

ایمان سے بادشاہی میں داخل ہوتے ہیں لیکن کمال شریعت سے حاصل ہوتا ہے۔

ختنہ مسیحیت میں داخلہ کا لازمی عمل ہے۔

یہ لوگ مقدس پولس کے پیچھے پیچھے کلیسیاؤں میں جاتے اور کہتے کہ وہ یروشلیم کے رسولوں کی طرف سے بھیجے گئے ہیں۔

یوں وہ مقدس پولس کی خدمت کو نقصان پہنچا رہے تھے۔

مقدس پولس کا ردِعمل:

یہ کلیسیائیں مقدس پولس نے خود قائم کی تھیں۔ لیکن اب وہ جھوٹی تعلیمات کے خطرے میں تھیں۔

مقدس پولس نے جھوٹی تعلیمات دینے والے کی سخت مذمت کی (گلتیوں 1: 7-9؛ 4: 17؛ 5:10؛ 6:13)۔

مقدس پولس رسول گلتیوں کی کلیسیاؤں سے بھی ناراض تھے کہ وہ اتنے سادہ ہیں (گلتیوں 3:1-5) حتیٰ کہ اُس نے مقدس پطرس کو بھی ملامت کی جب وہ غیر قوموں کے معاملہ میں کمزور ثابت ہوا (گلتیوں 2:11-14)۔

**سنِ تصنیف:**

خیال کیا جاتا ہے کہ یہ خط مقدس پولس کا سب سے پہلا خط ہوسکتا ہے۔

ممکن ہے یہ خط 49 سے 55 کے درمیان لکھا گیا

**گلتیوں کے خط کا خلاصہ:**

مقدس پولس اپنی رسالت کا دفاع کرتے ہیں (1 تا 2 ابواب)

مقدس پولس ایمان کے وسیلہ راستبازی کی تعلیم کی وضاحت کرتے ہیں (3 تا 4 ابواب)۔نجات کا سارا کام مسیح نے صلیب پر مکمل کر دیا ہے۔

مقدس پولس مسیح میں آزادی کے نتیجے میں عملی مسیحی زندگی کی ہدایت دیتے ہیں (5 تا 6 ابواب)۔

**اہم موضوعات:**

جسم کے اعمال اور روح کے پھل کا موازنہ (5:16-26)

شریعت پر سیر حاصل گفتگو (3:19-25)

یہ گُناہ روکنے کے لئے دی گئی۔

یہ مسیح تک پہنچانے میں استاد بنی۔

ایمان کے وسیلہ راستبازی (2:16-17؛ 3:11)